تعارف وتبصرہ

صحیح المناقب

علامہ ناصر الدین البانیؒ، مرتب: خسرو قاسم

ملنے کا پتا: علی اکیڈمی، ۳-رائے پورہ لاج، دودھ پور، علی گڑھ، صفحات: ۷۲، قیمت درج نہیں۔

کتبِ حدیث میں عموماً صحیح اور حسن احادیث کے ساتھ ضعیف اور موضوع روایات بھی پائی جاتی ہیں اور عام لوگوں کے لیے ان کے درمیان فرق و امتیاز کرنا آسان نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے اور اپنے رحم وکرم کی بارش کرے محدثِ عصر علامہ محمد ناصر الدین البانیؒ (۱۹۱۴-۱۹۹۹ء) پر جنھوں نے حدیث کی مشہور کتابوں: سنن ابی داؤد، سنن ترمذی، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، الجامع الصغیر، الادب المفرد، الترغیب والترھیب اور موارد الظمآن الی زوائد ابن حبان کی صحیح اور ضعیف احادیث کے الگ الگ مجموعے شائع کردیے ہیں۔ اسی طرح سلسلۃ الأحادیث الصحیحۃ اور سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ کے نام سے کئی مجلدات میں ان کا کام بھی اہمیت کا حامل ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ علامہ البانیؒ کی اس عظیم الشان خدمتِ حدیث نے عہد تدوین کے محدثین کرام کی یاد تازہ کردی ہے۔

زیر نظر کتاب میں حضرات فاطمہ، علی، حسن، حسین رضی اللہ عنہم کے بارے میں مذکورہ بالا کتبِ حدیث کی وہ احادیث جمع کردی گئی ہیں جن پر علامہ البانیؒ نے 'صحیح' کا حکم لگایا ہے۔ احادیثِ مناقب کے سلسلے میں امت کے مختلف طبقات افراط وتفریط کا شکار ہیں۔ فاضل مرتب شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے 'اہل بیت' سے متعلق صحیح احادیث کا یہ مجموعہ مرتب کردیا۔ کیا اچھا ہوتا کہ وہ اسی کتاب میں اس موضوع کی وہ احادیث بھی جمع کردیتے جن پر علامہ البانی نے 'ضعیف' یا 'موضوع' کا حکم لگایا ہے، تاکہ شاہ راہِ اعتدال واضح ہوجاتی اور وہ احادیث بھی قارئین کے علم میں آجاتیں جنھیں اہل بیت کے مناقب وفضائل میں بیان کیا جاتا ہے، حالاں کہ وہ ضعیف یا موضوع ہیں۔

(محمد رضی الاسلام ندوی)